شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

07- جون 2021

# پریس ریلیز

## اللہ تعالیٰ نے نجی اور اجتماعی دونوں سطح پر سود کو حرام قرار دیا ہے۔

لاہور (پ ر) اللہ تعالیٰ نے نجی اور اجتماعی دونوں سطح پر سود کو حرام قرار دیا ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ وفاقی حکومت نے دارالحکومت اسلام آباد میں نجی سطح پر سود کے خلاف قانون سازی کی ہے۔ سود کی ممانعت کے حوالے سے یہ ایک مناسب لیکن ادھورا اور نامکمل قدم ہے۔ انھوں نے کہا کہ اِس بل میں صرف نجی سود کو قرآن اور سنت اور آئین پاکستان کا حوالہ دے کر غیر آئینی اور غیر شرعی قرار دیا گیا ہے حالانکہ آئین پاکستان اور شریعت کے مطابق سود نجی اور اجتماعی ہر ہر سطح پر حرامِ مطلق ہے۔ اُنھوں نے واضح کیا کہ سود واحد گناہ ہے جس کے ارتکاب کو اللہ نے اپنے اور اپنے رسول ﷺ کے خلاف جنگ قرار دیا ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ہماری پون صدی کی تاریخ شاہد ہے کہ سودی نظام نے پاکستان کو دُنیوی طور پر بھی شدید نقصان پہنچایا ہے، یہاں تک کہ ہماری ملکی خود مختاری بھی بُری طرح متاثر ہوئی ہے۔ حکمرانوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ نجی اور انفرادی سود کے نقصانات محدود ہوتے ہیں جبکہ ملکی اور بین الاقوامی اداروں کے قرضوں پر سود کے نقصانات بڑے وسیع اور گہرے ہوتے ہیں بہر حال ان نقصانات کے باوجود ہمارا ایمان ہے کہ سود کو نقصانات کی وجہ سے نہیں بلکہ اصلاً اللہ اور رسول ﷺ کی ناراضگی سے بچنے کے لیے ترک کرنا چاہیے۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری زندگی کا اصل نصب العین اللہ کی رضا اور اُخروی نجات ہونا چاہیے۔

**جاری کردہ**

**ایوب بیگ مرزا**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# TANZEEM-E-ISLAMI

**<u>PRESS RELEASE</u>: 07 June 2021**

## "Allah *(SWT)* has prohibited Riba both on the individual/private (usury) and collective (interest) levels."

**Lahore (PR): "Allah *(SWT)* has prohibited Riba both on the individual/private (usury) and collective (interest) levels."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **<u>Shujauddin Shaikh</u>**, in a statement. The Ameer noted that the National Assembly has passed a bill making transactions of private interest (usury) unlawful in the Federal Capital, Islamabad, which while being a minor step in the right direction, is, nevertheless, inadequate and deficient with regards to the wholesome and total prohibition of Riba. He remarked that this bill has declared private/individual interest (usury) to be unlawful and in violation to the Shariah, alone, by referring to the Qur'an and Sunnah, and the constitution of Pakistan; whereas, the reality is that according to the constitution of Pakistan and the Shariah, private/individual interest as well as collective interest, hence Riba of all possible kinds, is absolutely Haram. He reminded that Riba is the only sin, the consumption and transactions of which have been declared by Allah *(SWT)* to be a war against Him *(SWT)* and His *(SWT)* messenger *(SAAW)*. He remarked that our history is testament to the fact that the Riba-based System has been detrimental to Pakistan from a worldly perspective too, to such a degree that our national sovereignty has been gravely jeopardized. The Ameer remarked that our rulers ought to comprehend that the perils of individual and private interest are limited, however, the devastation caused by the interest on loans procured from national and international lending institutions is massive, far-reaching and ominous. The Ameer asserted that despite the dangers and perils of Riba (usury and interest), we ought to totally give up and eradicate Riba not merely because of its visible dangers and perils, but, primarily and importantly, in order to save ourselves from the wrath of Allah *(SWT)* and the displeasure of His *(SWT)* messenger *(SAAW)*. The Ameer concluded by emphasizing that, in fact, the real mission and moto of our lives ought to be to attain the pleasure of Allah *(SWT)* and salvation in the Hereafter.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**